مطبوعات

حفاظتِ حدیث | مؤلفہ پروفیسر خالد علوی۔ ناشر مکتبہ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ لاہور، صفحات ۲۵۶۔ قیمت ۸ روپے ۵۰ پیسے۔ طباعت ٹائپ عمدہ۔

ہمارے ملک میں منکرینِ سُنّت اور ان کے معاونین، ذخیرۂ احادیث کو غیر محفوظ اور ناقابلِ اعتماد قرار دینے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ اسلامی قانون کے دوسرے بڑے ماخذ (سُنّت) کی بنیاد متزلزل کر کے قرآن کی دلپسند تاویلات کے لیے راستہ ہموار کیا جا سکے۔

ان حضرات کی مذموم مساعی کی تردید میں بہت سے اصحابِ علم کی قابلِ قدر کاوشیں سامنے آچکی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب بھی ایسی ہی ایک کاوش ہے جس میں جناب خالد علوی نے ——— جو نوعمر ہونے کے باوجود صاحبِ تحقیق مؤلف ہیں ——— بڑے سلیقے سے اُن کوششوں کا جائزہ لیا ہے جو ہمارے اسلاف نے حفاظتِ حدیث کے سلسلہ میں انجام دیں۔ کتاب پانچ حصوں میں منقسم ہے جن کے عنوانات یہ ہیں: مقامِ حدیث، عہدِ نبویؐ، عہدِ صحابہؓ، عہدِ تابعینؒ اور عہدِ تدوین۔ پہلے حصے میں حدیث کی اہمیت اور حجیت کو مضبوط دلائل سے ثابت کیا گیا ہے۔ دوسرے حصے میں کتابت و روایتِ حدیث کا جو کام عہدِ نبویؐ میں ہوا، اس کا ذکر ہے۔ تیسرے حصے میں خلفائے راشدین کی اُن مساعی جمیلہ کا بیان ہے جو حفظ و اشاعتِ حدیث کے باب میں بروئے عمل لائی گئیں۔ نیز کلامِ الٰہی کو ہر قسم کی آمیزش سے محفوظ رکھنے کے لیے شیخینؓ کی اُن احتیاطی تدابیر کا بھی جائزہ لیا گیا ہے جن سے من مانے نتائج اخذ کر کے منکرینِ حدیث، سُنّت کے بارے میں غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مزید برآں مکثرین صحابہؓ کے مختصر حالاتِ زندگی اور ان کی مرویات کی تفصیل بھی اس حصے میں موجود ہے۔ عہدِ تابعینؒ کے عنوان کے تحت، تابعین کا تعلیم و تعلّمِ حدیث کے لیے مختلف دیار و امصار میں پھیل جانا، اکابر تابعینؒ کے مختصر سوانح حیات اور ان کی مرویات کے بارے میں مفید معلومات اور خاص طور پر حضرت عمر بن عبدالعزیز کی تدوینِ حدیث کے

باب میں کوشش کا سیر حاصل بیان ملتا ہے۔ آخری حصہ جسے عہد تدوین کا نام دیا گیا ہے۔ اس میں احادیث کے بالکل ابتدائی مجموعوں، موطات اور مسانید کی تفصیل درج ہے۔ کتبِ حدیث کی اقسام اور ان کے مختلف طبقات کا ذکر ہے۔ نیز موطّا امام مالکؒ اور صحاح ستہ کے عظیم مؤلفین کے حالاتِ زندگی، ان کے مجموعہ ہائے احادیث کی امتیازی خصوصیات اور ان کی متعدد قابلِ ذکر شروح کی تفصیل دی گئی ہے۔

کتاب میں فاضل مؤلف نے مختلف مقامات پر منکرینِ حدیث کے پھیلائے ہوئے کانٹوں کو بڑی خوبی سے صاف کیا ہے۔ اندازِ بیان نہایت شستہ اور متین ہے۔ کوئی بات دلیل کے بغیر نہیں کہی گئی۔ اور ہر صفحہ مستند کتابوں کے حوالوں سے مزیّن ہے۔ ہم فتنۂ انکارِ حدیث سے متاثر ہر فرد سے خصوصاً اور دوسرے تعلیم یافتہ حضرات سے عموماً "حفاظتِ حدیث" کے مطالعہ کی درخواست کرتے ہیں۔ اور اس کی اشاعت پر محترم مؤلف اور ناشر کو ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔

دینی تعلیمات | از امتیاز احمد سعید ایم۔ اے۔ شائع کردہ مجیدیہ بک ڈپو اردو بازار لاہور صفحات ۲۲۴۔ قیمت ۳/۲۵ روپے۔ طباعت کتابت گوارا۔

زیرِ نظر کتاب، لائق مصنف نے انٹرمیڈیٹ کے طلباء کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے تالیف کی ہے۔ اور اس میں دینی تعلیمات کا مناسب ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔ کفر و ایمان کی وضاحت، اسلام کے ارکانِ خمسہ کی تشریح اور اخلاق و آداب اور حقوق و فرائض کا بیان بالاختصار شاملِ کتاب ہے۔ نیز تیسویں پارے کا ربع آخر بھی ترجمہ و تفسیر سمیت درج کر دیا گیا ہے۔

ہماری نظر میں یہ کتاب، اسلامیات کے طلبہ کے لیے کافی افادیت کی حامل ہے۔ انہیں اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔